RAMPUR STATE GAZETTE

# ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

| نمبر ۱۵ عہ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۳ ربیع الثانی سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۳ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء | جلد ۲۳ |
|---|---|---|

## فہرست مضامین


| نمبر شمار | خلاصہ مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | تنخواہ میں اضافہ ناظر آڈٹ پر اضافہ کی و تقرر حیدر علیخان حمید کا بجائی ناظر آڈٹ | ۱ و ۲ |
| ۲ | رخصت وحید الدین پولیس ہمایون ........ | ۲ |
| ۳ | اضافہ کلرک انگلش پنشن ........ | ۲ |
| ۴ | تقرر محمد حسین خان بر مشرک شاہ آباد ........ | ایضاً |
| ۵ | مزید رخصت میجر پرائیویٹ سکرٹری صاحب بہادر ........ | ایضاً |


### حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۷ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

رپورٹ منظور ہے سید اصغر حسین ناظر آڈٹ کی تنخواہ میں دو روپیہ اضافہ ہو کر اعلیٰ مقرر کیا جائے اور مسمی حیدر علیخان ولد حمید دار بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار ناظر آڈٹ مقرر کیا جائے حسب استدعا افسران آڈٹ احکام ضابطہ جاری ہوں

[illegible]

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض عرض — میرساند

جناب عالی

ایک اہلمدی پندرہ روپیہ ماہوار کی سابق مین تخفیف اس غرض سے کردی گئی تھی کہ اسوقت قابل اہلمد تھے کام جلد جلد نکلا جاتا تھا۔ پندرہ روپیہ ماہوار تخفیف کرکے بچا لیتے تھے جو ابتک پس انداز ہوتے ہین اب دو اہلمد منجملہ قابل اہلمدونکے فوت ہوگئے ان دونون کے لڑکے انکی جگہ پر مامور ہوگئے ہین ابھی چونکہ تجربہ کار نہین ہین اسلئے اسقدر کام جسقدر انکے والد کرتے تھے نہین کرسکتے۔ ادہر طاعون کا آڈٹ کے سررشتہ کی اہلمدونپر ایسا اثر ہے کہ وہ سب پریشان ہین۔ ان سبکا نتیجہ یہ ہوا کہ آمد کاغذات کا زیادہ اور نکاسی کم ہے۔ اہلمدونکے ہاتھون نہین بار بار کی کوشش کرنے پر بھی زیادہ باقی کاغذات کی رہتی ہے سررشتہ سے بھی دریافت کرلیا ہے اور یہی صورت اسلوبی کام کی معلوم ہوتی ہے۔ لہذا گذارش ہے کہ سید اصغر حسین مدرس ریاضی مدرسہ عالیہ سے تبدیل ہوکر سررشتہ آڈٹ مین ناظر مقرر ہوے ہین انہون نے نظارت کا کام اچھی صورت سے کیا ہے۔ سابق کے ناظر کی تنخواہ زیادہ تھی اسنے ترقی کا بھی وعدہ کیا تھا۔ سید اصغر حسین بارہ روپیہ ماہوار اب پاتے ہین سید اصغر حسین نظارت سے اہلمدی پر باضافہ دو روپیہ تبدیل یا مقرر فرمادئے جائین اور نظارت پر حمید علیخان امیدوار کا بشاہرہ دس روپیہ ماہوار بالفعل تقرر منظور فرمایا جاے۔ آڈٹ کے بجٹ مین کافی گنجائش ہے اس بارہ روپیہ ماہوار کے خرچ ہونے پر بھی تین روپیہ تخمیناً ماہوار پس انداز ہوتے رہین گے اس انتظام سے امید قوی ہے کہ سررشتہ آڈٹ کا کام صاف و پاک رہیگا۔ واجب عرض ہو۔ دولت و اقبال روزافزون باد۔

[illegible] ۱۹۱۱ع

# ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

## رخصت

۱۹ مارچ سنہ ۱۹۱۱ع

رخصت مزید چودہ یوم محمد اسحاق خان اہلمد اجلاس ہمایون بوجہ علالت والدہ مشارالیہ ۱۸ مارچ سے ۳۱ تک منظور فرمائی گئی۔

## اضافہ

۲۵ مارچ سنہ ۱۹۱۱ع

حسب رپورٹ میر منشی صاحب دارالانشا چار روپیہ ماہوار اضافہ اسسٹنٹ کلرک انگلش آفس بوجہ محنت وحسن انجام خدمات منظور فرمایا گیا۔

---

# روبکار اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

واقع ۲۷ مارچ سنہ ۱۹۱۱ع

حسب الحکم بندگان عالی حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم مسمی محمد حسن خان ولد ننھو خان کی جگہ سیف الدین خان کا تقرر بشاہرہ دس روپیہ ماہوار بجاے حمید اللہ خان ۲۵ مارچ سنہ حال سے سڑک شاہ آباد پر کیا جائے۔ لیکن خدمات باتحتی صاحب میونسپل افسر انجام دین لہذا

حکم ہوا کہ

احکام حسب ضابطہ جاری ہون اور اطلاعی عرضداشت ارسال اجلاس ہمایون کیجاے۔

[illegible]

# ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

## رخصت

۱۴ مارچ سنہ ۱۹۱۱ع

رخصت مزید منشی محمود علیخان پیشکار لغایت ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۱۱ع بوجہ علالت وقیام لکھنؤ بانتظام سابقہ منظور کی گئی۔

## نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور بابت ابتداء ۲۶ مارچ لغایت ۲ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | شاہ آباد و ملک کی تحصیل سے نرخنامہ نہیں آیا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | ۰۱۳ مار | ۰ | ۰ | ۱۳ مار | ۰۱۳ مار | ۱۳ مار | |
| نخود خالص | ۱۲ مار | ۰ | ۰ | ۱۸ مار | ۱۶ مار | ۱۶ مار | |
| نخود کسہ آمیز | ۰۱۷ مار | ۰ | ۰ | ۲۰ مار | ۱۸ مار | ۰۱۶ مار | |
| کسہ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۱۹ مار | ۰۱۷ مار | |
| ماشش | ۱۰ مار | ۰ | ۰ | ۰۱۰ مار | ۰۹ مار | ۱۰ مار | |
| مونگ | ۱۲ مار | ۰ | ۰ | ۰ | ۱۱ مار | ۱۰ مار | |
| مکا | ۰ | ۰ | ۰ | ۲۵ مار | ۲۸ مار | ۲۵ مار | |
| جئی | ۲۳ مار | ۰ | ۰ | ۰ | ۰۲۰ مار | ۲۰ مار | |
| گوجئی | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۱۶ مار | ۱۶ مار | |
| عدس | ۱۵ مار | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | |
| ارہر | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۲۰ مار | ۱۰ مار | |
| برنج | ۷ مار | ۰ | ۰ | ۰۷ مار | ۰۷ مار | ۷ مار | |
| روغن زرد | ۰/۱۱ مار | ۰ | ۰ | [illegible] | [illegible] | [illegible] | |
| روغن سیاہ | ۲ مار | ۰ | ۰ | ۲ مار | ۳ مار | ۲ مار | |
| روغن کنجد | ۰۱ مار | ۰ | ۰ | ۰ | ۰۲ مار | ۰ | |
| نمک سانبھر | ۱۳ مار | ۰ | ۰ | ۱۳ مار | ۱۵ مار | ۱۶ مار | |
| نمک لاہوری | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۱۲ مار | |
| قند سیاہ | ۹ مار | ۰ | ۰ | ۸ مار | ۰۷ مار | ۷ مار | |
| باجرہ | ۲۰ مار | ۰ | ۰ | ۰ | ۰۱۹ مار | ۰ | |

مطبوعہ پریس ریاست رامپور